سیاسی پناہ گزیں کے لئے ہدایت نامہ

آپ فرار ہوکر آئے ہیں اور سوئیزرلینڈ میں پناہ ڈھونڈھ رہے ہیں؟ سوئیزرلینڈ کے پناہ گزین کو مدد کرنے والی تنظیم ایس ایف ایچ نے یہ ہدایت نامہ ترتیب دیا ہے- یہ آپ کو سیاسی پناہ کے کیس کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں معلومات پہنچائے گا-

سوئیزرلینڈ کے پناہ گزین کو مدد کرنے والی تنظیم (ایس ایف ایچ) تنظیم ایک غیرحکومتی ادارہ ہے، جو کہ سیاسی پناہ گزین اور مہاجرین کے حقوق کے لئے کام ،سیاسی پناہ گزین اور مہاجرین کے بارے میں معلومات www.fluechtlingshilfe.ch کرتا ہے۔ ہمارا وئیب سائیڈ ایڈریس,مختلف زبانوں میں، اس ایڈریس سے معلومات حاصل کر سکتےہیں : www.fluechtlingshilfe.ch/hilfe

1. سیاسی پناہ کی درخواست دینا

1.1 کیس جمع کرانے- کیس چلنےکی جگہ

آپ کو اپنے سیاسی پناہ کی درخواست وفاقی محکمہ برائے مہاجرین، بی ایف ایم ، کے کسی بھی دفتر میں دینا ہوگا- یہ دفتر (EVZ) امیگریشن سیکریڈریٹ[ایس-ای-ایم Staatsekretariat für Migration (SEM)بازل، شیاسو، والوربے، آلٹ اسٹیٹن اور کرائیس لینگن میں واقع ہیں-

- ← کیس کے چلنے کے تمام اوقات آپ کو(زیادہ سے زیادہ90 دنوں تک) اسی سینڑ میں رہنا ہوگا جہاں آپ کا کیس لیا گیا ہے-
- ← آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ اپنا پاسپورٹ اور شناختی کارڈ جمع کرائیں- آپ سے سوالات جوابات کیے جائیں گے-

1.2 رجسٹریشن

← جب آپ سیاسی پناہ کی درخواست دے چکے ہوں گے، تو آپ کو رجسڑڈ کیا جائے گا، آپ کی تصویر بنائ جائے گی اور آپ کی انگلیوں کے نشانات لیے جائیں گے- سوئیزرلینڈ کے محکمے جانچ پڑتال کریں گے کہ آیا آپکی انگلیوں کے نشانات سینٹرل ڈیٹا بینک (ایورو ڈک) میں موجود تو نہیں یعنی یورپی یونین کے کسی دوسرے ملک جیسے ناروے، لیچٹن اسٹائن یا آئ لینڈ میں کہیں کوئ رکارڈ تو موجود نہیں ہے- اگر ایسا ہے تو پھر آپ کے سیاسی پناہ کے کیس کو چلانے کے لئے یورپ کا یہ دوسرا ملک ہی جوابدہ ہوگا ۔ اسکے بعد سوئیزرلینڈ یہ کوشش کرے گا کہ آپ کو یورپ کے اس ملک میں ھی واپس بھیج دیا جائے ۔ آپ کو پورے یورپی ممالک میں صرف ایک ہی ملک میں سیاسی پناہ کی درخواست دینے کی اجازت ہے (ڈبلن معاہدے کے مطابق)۔ صرف پہلا ملک جہاں آپ نے درخواست دی ہوگی وہی ملک آپ کی درخواست کو لینے اور اسکی جانچ پڑتال کرنے کا مجاز ہے۔ اگر آپ یورپ کے کسی دوسرے ملک میں سیاسی پناہ کی درخواست دے چکے ہیں اور آپ کا خیال ہے کہ یہ ملک آپ کے کیس کی صیح طریقے سے کارروائ نہین کررہا ہے تو پھر آپ کیس جمع کرانے- کیس چلنےکی جگہ کے(RBS) قانونی چارہ جوئ کے سینٹر پر (EVZ)ضرور جائیں یا پھر اپنے لئے کسی وکیل کا بندوبست کریں۔ اگر آپ کو اس بات کا ڈر ہے کہ سوئیزرلینڈ آپ کو جس ملک واپس بھیجے گا وہ ملک آپ کے سیاسی پناہ کی درخواست پر کوئ چارہ جوئ کیے بناء آپ کو آپ کے اپنے ملک واپس بھیج دے گا ، حالانکہ آپ سیاسی پناہ گزین کے تمام تقاضوں کو پورا کرتےھیں- اس بات کا اطلاق اس یورپین ملک پر بھی ھوگ جس پر آپ سمجھتے ھیں اور اس بات کا ڈر خوف ہےکہ غیر انسانی سلوک کیا جائے گا یا آپ کو غیر اخلاقی سزا دی جائے گی ۔

SCHWEIZERISCHE FLÜCHTLINGSHILFE
ORGANISATION SUISSE D'AIDE AUX RÉFUGIÉS
ORGANIZZAZIONE SVIZZERA AIUTO AI RIFUGIATI
www.osar.ch

1.3 شخصی سوالات ابتدائی بیان

ابتدائی بیان میں یہ طےکیا جاوے گا کہ آیا پناہ ڈھونڈنےوالاسوئزرلینڈ کے قانون کے تقاضے پورے کرتا ھےاگرایسا نھیں ھے تو آپکوبغیر کسی فیصلے کے [غیررسمی] ڈی پورٹ کرکے آپکو واپس بھیجنے کا بندوبست کیا جاوےگا

یہ محکمات آپ سے آپ کی شناخت اور آپ کے خاندان کی شناخت کے بارے میں دریافت کرئیں گے، آپ کے سفر کے راستوں کے بارے میں اور فرار کے وجوہات اور آپکی صحت کے بارے میں پوچھیں گے- ان سوالات و جوابات کے دوران دفتر کا ایک متعلقہ فرد یا عورت اور اگر ضرورت پڑی تو ایک ترجمان بھی موجود ہوگآ-

- تمام اہم وجوہات بیان کریں کہ کیوں آپ نےاپنا ملک چھوڑاہے-
- اگر آپ کے ساتھ کوئ ایسا واقع ہوا ہے جو آپ کسی مرد یا کسی عورت کے سامنے بیان نہیں کرسکتے ہیں تو یہ بھی بتا ئیں تاکہ اسکےمطابق سوالات کرنے والی ٹیم مقرر کی جاسکے-
- اگر آپ کوئ کاغذ شناخت کے لئے نہیں دے سکتے ہیں تو اسکی وجوہات بیان کریں-
- اگر آپ کی سمجھ میں کوئ بات نہیں آئ ہے تویہ بھی بتائیں-
- اگر آپ کوکوئی بیماری ھے یا صحت کی کوئی پرابلم ھو تو اس کے بارے آگاہ کریں تاکہ آپکا میڈیکل معائنہ کرایا جاسکے-

سوال جواب کے آخر میں آپ کو ایک پروٹوکول پر دستخط کرنا ہوگا- آپ ٹھیک سے دیکھ لیں کہ آپ کے جوابات درست لکھے گئے ہیں اور جو کچھ آپ نے بولا تھا وہ سب کچھ یہاں موجود ہے-

1.4 کاغذات/ شواہد

- فائل کے لئے تمام کاغذات جمع کرائیں جو کہ آپ کے ملک سے فرار کی وجہ کی تصدیق کریں-
- تمام کاغذات جو آپ یہاں جمع کرائیں گے اسکی ایک فوٹو کاپی اپنے پاس ضرور رکھیں-

1.5 وضاحت

ہوسکتا ہے کہ آپ کے کیس میں اضافی وضاحت کی ضرورت پیش آئے-

- اگر آپ کے آبائ ملک کے متعلق کوئ شک وشبہات پیدا ہوں گے تو پھرہو سکتا ہے آپ سے ایک زبان کا ماہر سوالات کرے اور آپ کو اپنے ملک کے بارے میں کتنی معلومات ہے اس کی جانچ پڑتال کرے-
- اگر آپکی عمر پر شک ہوگا تو پھر ایک ماہر کو بلایا جائے گا-

1.6 آگے کیا ہوگا؟

تمام لوگوں کے لئے سیاسی پناہ کا کیس کوئ فوری شروع نہیں ہوجائے گا، اس کے لئے مختلف ممکنات ہیں، مثال کے طور پر:

- آپ کو ایک این-N کارڈ دیا جائے(سیاسی پناہ ڈھونڈنے والوں کا شناختی کارڈ)-
- آپ کو اس استقبالیہ سینڑ میں ہی کیس کا فیصلہ مل جائے-
- اس استقبالیہ سینڑ میں آپ سے دوبارہ تفصیلی طور پر سیاسی پناہ کے وجوہات دریافت کیے جائیں-
- آپ کو کانٹون کےسینٹر میں بھیج دیا جائے گا یا کسی دوسرے صوبے میں بھیجا جائے گا اور وہاں سیاسی پناہ گزین کے ہاسٹل میں رکھا جائے(ٹرانسفر)-
- ٹرانسفر کے بعد آپ سے دوبارہ تفصیلی طور پر سیاسی پناہ کے وجوہات دریافت کیے جائیں-
- ٹرانسفر کے بعد آپ کو ایک فیصلہ ملے گا -

SCHWEIZERISCHE FLÜCHTLINGSHILFE
ORGANISATION SUISSE D'AIDE AUX RÉFUGIÉS
ORGANIZZAZIONE SVIZZERA AIUTO AI RIFUGIATI
www.osar.ch

2. انٹرویو [دوسرا انٹرویو]

سیاسی پناہ کے کیس میں انٹرویوز بہت لازمی ہیں- آپکا ایک مرتبہ یا کئ مرتبہ انٹریو لیا جاسکتا ہے – محکمات آپ کے انٹرویو اور اس سے متعلقہ پروٹوکولاور اپکے پیش کئےگئے ثبوت ہی سے آپ کے کیس کا جائیزہ لیں گے-

2.1 انٹرویو میں کون کون حصہ لے گا؟

- ایک سرکاری ملازم عورت یا مرد-
- ایک عورت یا مرد ترجمان جو کہ آپ کے بیان کا مکمل طور پر ترجمہ کرے گی/گا ، آپ کے بیان کا اندازہ نہیں لگائے گا یا اسکا خلاصہ نہیں بیان کرے گا. وہ ترجمان گمنام رہ سکتا ہے- آپ اپنے پسند کا ترجمان لاسکتے ہیں ایکن وہ شخص خور سیاسی پناہ کا درخواست گزار نہ ہو-
- ایک مددگار تنظیم کا فرد (HWV) - ایسا فرد جس کا تعلق غیرحکومتی اداروں سے ہوگا, کیس کی نگھبانی کرے گا- یہ فرد اضافی سوالات کرسکتا ہے اور اس انٹرویو پر ایک رپورٹ بنا کر اپنی تنظیم کو بھیجے گا-
- آپ اپنے ساتھھ خود سے کردہ وکیل یا کسی بھی بالغ شخص کو(وہ شخص جس کا سیاسی پناہ کا کیس نہ چل رہا ہو) انٹرویو میں لاسکتے ہیں

2.2 سوالات

عام طور پر ایک انٹرویو مندرجہ ذیل طریقوں سے لیا جاتا ہے:

سبوں کا تعارف کروانے کے بعد آپ کو آپ کے حقوق اور فرائض سمجھائے جائیں گے، اس کے بعد سرکاری ملازم عورت یا مرد آپ سے آپ کی ذاتی حالت پر سوالات کرے گا:

- آپ کی شناخت کے بارے میں اور کاغذات پر، جو آپ کی شناخت کرواسکیں-
- خاندان اور آپ کے رشتہ داروں کے بارے میں –
- فوجی تربیت پر-
- اپنے ملک سے سوئیزرلینڈ تک کے سفر کے بارے میں-
- اپنے ملک میں اور سوئیزرلینڈ میں نوکری کے بارے میں معلومات-
- غیرملکوں میں قیام-
- اپنے ملک میں اور سوئیزرلینڈ میں آپ کے وکیل-

اس کے ساتھ ہی آپ کو موقع دیا جائے گا کہ یہ بتائیں کہ آپ سوئیزرلینڈ میں ہی کیوں پناہ ڈھونڈنے آئے ہیں- یہ بہت ضروری هے کہ تمام وجوهات تفصیل سے بیان کی جاوی

سیاسی پناہ گزین قانون (آرٹیکل 3 سیاسی پناہ کے قانونکا اقتباس) کے تحت پناہ حاصل کرتے ہیں-

سیاسی پناہ گزین وہ لوگ ہیں، جو اپنے ملک یا صوبے میں، جہاں وہ آخری دنوں میں رہتے تھے، وہاں اپنی ذات، مذہب، شہریت، کسی خاص سماجی تنظیم سے تعلق کی وجہ سے یا اپنے سیاسی سوچ کے باعث، خطرناک حد تک نقصانات اٹھارہے ہوں یا اس بات کا خوف ہو کہ ایسا ہوسکتا ہے- خطرناک حد تک نقصانات سے مراد یہ ہے کہ ان کو جسمانی نقصان ہورہے ہوں، انکی زندگی کو خطرہ ہو یا انکی آزادی صلب کرلی گی ہو جس کے باعث بہت زیادہ ذہنی دباؤ کا شکار ہورہے ہوں-

خواتین سے متعلقہ خصوصی وجوہات کے باعث-

2.3 فرار ہونے کی وجوہات اور دلائل

انٹرویو کے دوران آپ کو یہ بات بتانا لازمی ہوگا کہ آپ کیوں فرار ہوکر آئے ہیں اور کیوں سیاسی پناہ لینا چاہتے ہیں- آپ آزادی سے بغیر کسی خوف کے بول سکتے ہیں- تمام لوگ جو انٹرویو کے دوران موجود ہیں ان کو خاموش رہنا انکا قانونی فرض ہے اور جو کچھ آپ بتائیں گے اس کو کسی تیسرے کو آگے بتانے کی اجازت نہیں ہے-

انٹرویو کا یہ حصہ بہت اہم ہے- آپ سے گزارش کی جائے گی کہ آپ وہ سب کچھ بتائیں کہ آپ کو کس نے یا کس چیزنےاپناملک چھوڑنے میں مدد دی ہے-

- آپ کا جواب سچ ہونا چاہیے- جتنا ممکن ہو تفصیل سے ہربات بتائیں-
- اپنے محسوسات کے بارے میں بھی بات کریں، اگر آپ کے ساتھھ کوئ ایسا واقع ہوا ہے جو آپ کسی مرد یا کسی عورت کے سامنے بیان نہیں کرسکتے ہیں تو تاکہ اسکےمطابق سوالات کرنے والی ٹیم مقرر کی جاسکے-
- تمام کاغذات ساتھھ لائیں، جو کہ آپ کے سیاسی پناہ کے کیس کے لئے ضروری ہو(پولیس کے پاس پیش ہونے کا خط، سزا کا حکم نامہ، جیل کے کاغذات، دھمکی آمیز خطوط، ڈاکڑی رپورٹ، اخبارات، تصاویر وغیرہ- ہر اس کی ایک کاپی اپنے پاس دکھیں)-
- اگر آپ اس سے پہلے یورپ کے کسی دوسرے ملک میں تھے اور آپ کو اس بات کا ڈر ہے کہ وہ ملک آپ کو آپ کے اپنے ملک واپس بھیج دے گا جہاں آپ پر پھر سے تشدد کیا جائے گا، غیر انسانی سلوک کا خطرہ ہے ، تو یہ بیاں ضرور بتائیں۔ اپنے تمام تر ڈر, خوف اور دھمکی کے بارے میں یہاں تفصیل سے بتائیں-

ہوسکتا ہے کہ آپ سے ان باتوں کے بارے میں مزید سوالات کیے جائیں جو کہ نا مکمل ہوں، جنھیں غلط سمجھا گیا ہو یا جہاں آپ نے متضاد جواب دئیے ہوں-

2.4 خاندان کا انٹرویو

خاندان کے ارکان کے انٹرویو علیحدہ علیحدہ لیے جائیں گے- اگر خاندان کےایک بالغ رکن کا انٹرویو کیا جارہا ہے تو پھر دوسرے کو ایک دوسرے کمرے میں انتظار کرنا ہوگا-اگر تمام حالات موافق ہوں گے تو پھر بچوں کے انٹرویو ان کے والدین کے سامنے کیے جائیں گے-

2.5 پروٹوکول

ہر انٹرویو کا ایک پروٹوکول بنایا جائے گا - ہر انٹرویو کے بعد اس پروٹوکول کا ترجمہ کرکے آپ کو سنایا جائے گا- آپ سے درخواست کی جائے گی کہ آپ پروٹوکول کے ہر صفحہ پر دستخط کریں-

→ اگر کچھ سمجھ میں نہیں آیا ہے تو بتائیں- جانچ پڑتال کریں، کہ آیا پروٹوکول میں وہی کچھ ہے جیسا کہ آپ بولنا چاہتے تھے- غلطیوں یا نہ سمجھ میں آنے والی باتوں کو درست کروائیں-

انٹرویو کے آخر میں آپ سے پوچھا جائے گا کہ کیا جو کچھ ابتک بتایا ہے اس کے علاوہ مزید وجوہات بھی ہیں سوئیزرلینڈ میں رہنے کے لئے- آپ اپنے دستخط سے اس بات کی تصدیق کریں گے کہ آپ نے سب کچھ بول دیا ہے اور آپ کا بیان سچ پر مشتعمل ہے-

3. سیاسی پناہ کا فیصلہ

سوئیزرلینڈ میں سیاسی پناہ کے کیس کبھی کبھی صرف چند دن یا چند ہفتے ہی چلتے ہیں-اس لئے پہلے فیصلے ملتے ہی جلد از جلد اپنے مشور دینے والے ادارے(RBS) سے رابطہ کریں (پتے کی فہرست) https://www.fluechtlingshilfe.ch/assets/hilfe/160225-rbsadr-extern-04-04.pdf یہ ادارے حکومتی اداروں سے لاتعلق هیں ان کی مدد امدادی ادارےکرتےهیں- (RBS) آپکو کیس کے سلسلے میں اور مشورہ دینے مفت مدد کرتے هیں اور (RBS)ضرورت پڑنےپر آگےبھی مدد کرتی هے-

عام طور پر امیگریشن سیکریٹریٹ[ایس-ای-ایم] Staatsekretariat für Migration (SEM) کا لکھا ہوا فیصلہ جرمن، فرانسیسی یا اطالوی زبان میں دیا جاتا ہے- اس کے علاوہ بھی کئ دوسرے طریقے ہیں فیصلہ دینے کے -

3.1 مثبت فیصلہ

3.1.1 وقتی طور پررہنے کی اجازت [اجازت نامہB]

سیاسی پناہ کے متلاشی، جنھیں مہاجرین کے طور پر قبول کرلیا جاتا ہے انھیں عام طور پر سیاسی پناہ دے دی جاتی ہے- جسے سیاسی پناہ مل جاتی ہے اسے بی- بیویلیگونگ(برداشت کرتے ہوئے رہنے کی اجازت)، سیاسی پناہ گزین کا کارڈ، ملتا ہےاور وہ اپنی بیوی اور کم سن بچوں کو بھی سوئیزرلینڈ بلا سکتا ہے- پانچ سال گزرنے کے بعد ایک سیاسی پناہ گزین کو، سیاسی پناہ گزین کا کارڈ سی دیا جاتا ہے

3.1.2 وقتی طور پررہنے کی اجازت[اجازت نامہF]

ہوسکتا ہے کہ آپ کا کیس رد کردیا جائے، لیکن آپ اس کے باوجود بی- بیویلیگونگ(برداشت کرتے ہوئے رہنے کی اجازت) کےساتھھ سوئیزرلینڈ میں رہ سکتے ہیں- یہ اس وقت ممکن ہے جب آپ کو آپ کے ماک بیھجے جانے کا راستہ نہ ممکن ہو یہ ایک بڑے خطرے کے باعث ایسا کرنا بہتر نہ ہو- مثال کے طور پر ایسی جگہ جہاں خانہ جنگی ہو یا خطرناک بیماری پھیلی ہو- یہ وقتی طور پر رہنے کی اجازت واپس لی جاسکتی هے، جب وہاں کے حالات بہتر ہوجائیں گے-

3.2 منفی فیصلہ

3.2.1 منفی پناہ گزین

سیاسی پناہ کی درخواست پر منفی فیصلہ- اور ملک واپس بھیجے جانے کا فیصلہ وجوہات کے ساتھ- آپ کی پناہ کی درخواست مسترد کردی گی ہو اور آپ کو ایک معینہ مدت کے ختم ہونے تک سوئیزرلینڈ لازمی چھوڑ دینا ہو- ایسا ہوسکتا ہے کہ ، آپ اپنے سیاسی پناہ کے کیس میں، محکمہ کے خیال کے مطابق- کوئ ٹھوس وجوہات نہ دے سکے ہوں، یا پھر آپ نے جو باتیں بتائیں وہ غیر یقینی تھیں اور اس کے لئےآپ کوئ ثبوت بھی نہ پیش کرسکے ہوں-

3.2.2 ڈبلن کا فیصلہ

اگر آپ سوئیزرلینڈ کے ائیرپورٹ پر سیاسی پناہ کے کیس داخل کرنے سے پہلے یورپی یونین کے کسی دوسرے ملک، آئ لینڈ, لیچٹن اسٹیئن یا نوروے میں تھے ، تو پھر آپ سے صرف ایک مختصر سے انٹرویو میں آپ کے سفرکے راستوں کی بابت پوچھا جائے گا، اس مختصر سے انٹرویو میں مددگار تنظیم کا کوئ فرد شامل نہیں ہوگا- اسی صورت میں آپ کو اس ملک واپس بھیج دیا جائے گا جو کہ آپ کے سیاسی پناہ کے کیس اور آپ کو ملک سے وبپس بھیجنے کا مجاز ہوگا-

3.2.3 تیسرا ملک

آپ سے مختصر سوالات کے بعد آگے کچھ نہیں اور سوالات کئے جاویں گے اور کو سوئزرلینڈ فوری طور پر چھوڑناہوگا اگر آپ سوئزرلینڈ آنے سے قبل کسی دوسرے ملک زیادہ عرصے تک رہے ہیں یا اگر آپ کے پاس کسی اور دوسرے ملک کا ویزا ہے

3.2.4 دوسرا منفی فیصلہ

آپ کا کیس آگے نہیں چلایاجائےگا اور آپ کو سوئزرلینڈ فوری طور پر چھوڑناہوگا

- اگر آپ سوئیزرلینڈ میں پناہ تلاش کرنے نہیں آئے ہیں، بلکہ کسی اور وجہ سے آئے ہیں(میڈیکل گرائونڈ یا مالی حالت یا کی اور وجہ سے)-
- اگر آپ نے نے غلط فائدہ اٹھایا ہے اور اپنی حقیقی شناخت چھپایا ہو (غلط نام، غلط تاریخ پیدائیش، وغیرہ دیا ہو)- یا غلط ثبوت پیش کئے
- اگر آپ نے سوئیزرلینڈ کے محکوں سے تعاون ٹھیک سے نہیں کیا (مثال کے طور پر، جب آپ انٹرویو میں حاضر نہ ہوئے ہوں)- یا 20سے زیادہ روزتک محکمے لئے سوالوں کے جوابات کے لئے پیش نہیں ہوئے
- بے بنیاد اور یا بار بار ایک ہی بیان پر قائم ہیں

4. اپیل

اگر آپ امیگریشن سیکریٹریٹ[ایس-ای-ایم]Staatsekretariat für Migration کے فیصلے سے متفق نہیں ہیں، تو پھر آپ اس کے خلاف اپیل دائر کرسکتے ہیں-

عدالت برائے وفاقی محکمہ

Bundesverwaltungsgericht
Postfach, CH-9023 St. Gallen
Telefon +41 (0)58 705 26 26
Fax +41 (0)58 705 29 80

سیاسی پناہ کے کیس کے فیصلے کے آخر میں یہ درج ہوگا کہ آپ کو اپیل کرنے کے لئے کتنے دن کی مہلت دی گئ ہے (اس کے لئے دیکھیے حصہ" قانونی وضاحتیں" – (5 یوم اوقات کار یا 30 یوم)-

قانونی مشورے کے ادارے میں وکیل (خاتون وکیل) آپ کی اس سلسلے میں مدد کرسکتے ہیں-(RBS) کے پتے میدرجہ ذیل ھیں(RBS)
https://www.fluechtlingshilfe.ch/assets/hilfe/160225-rbsadr-extern-04-04.pdf

SFH سوئزرلینڈ کا پناہ گزینوں کا مددگار ادارہ کی طرف سے آپ کے لئے ہدایات نامہ ۲۰مختلف زبانوں جاری کیا ھے جو کہ مندرجہ دیل پتہ پر دستیاب ھے-
www.fluechtlingshilfe.ch/hilfe/informationsblaetter

اپیل سرکاری زبان[جرمن ، فرانسیسی یا اطالوی] میں سے کسی میں کرسکتے ھیں- اپیل ڈبل کاپی کے ساتھ اپیے دستخطوں، اور ثبوت کے ساتھ بمعہ فیصلے کے جمع کروانی ہوگی- آپ اپنے لئے الگ سے کاپی کرکے محفوظ کرلیں-

خبردار: اگر کیس ختم پر ھونے پر آپ اپیل نہیں کرتے ھین تو آپ رہا ئش سوزرلیند میں غیر قانونی ھوجائیگی-

ان وجوھات کی بنا پر آپکو گرفتار کیا جاسکتا ھے

اگر آپ اپیل کرتے ھیں، تو آپ سوئزرلینڈ مقیم رہ سکتے ھیں، جب تک اس اپیل کا فیصلہ نہیں ھوجاتا- مگر ایک صورت میں ممکن ھے: اگرڈبلن کا فیصلہ نفی میں ھے- اس صورت میں آپ کو حق ھے کہ سوئزرلینڈ کےفیصلے کا انتظار کریں- یہ تب ھی ممکن کہ آپ تفصیلی وجوھات بیان کریں- آپ سوئزرلینڈمیں مقیم رھنےکی درخواست کرسکتےاگرآپ کی نظرمیں یہ یورپین ملک آپکی پناہ کی درخواست پرغورنہیں کررہا، جبکہ آپ پناہ گزیں کی تمام بنیادوں پر پورے اترتے ھیں مگر وہ ملک آپکو آپکے ملک واپس بھیجنا چاھتا ھے جہاں پر آپکو غیر انسانی سلوک اور سزا کا خطرہ ھے-

اس صورت میں بھی جب کہ آپکومجازی یورپین ملک میں واپس بھیجا جارہا ھو، آپکی اپیل کا فیصلہ سئزرلینڈ میں کیا جاویگا- اگر آپکا کوئی وکیل تو اس سے تعلق میں رھئے اگر آپ غیر ملک میں تب بھی اس سی کانٹیکٹ میں رہئے-اس طرح سے آپ کے حق میں فیصلہ ھوسکتاھے کہ آپکو سوئزرلیند آنے کی اجازت مل جاوے-

پناہ گزینوں کی امدادی اداروں کے تفصیلی پتے(RBS)

استقبالیہ مراکز(EVZ)

Altstätten
HEKS Rechtsberatungsstelle für Asylsuchende St. Gallen
Tellstrasse 4, 9001 St. Gallen, Tel. 071 222 22 79

Basel
ES-BAS Basel
Freiburgerstrasse 66, 4057 Basel, Tel. 061 631 30 58

Kreuzlingen
HEKS Rechtsberatungsstelle für Asylsuchende Thurgau, Konstanzerstrasse 6, Postfach 2136, 8280 Kreuzlingen, Tel. 071 622 42 41

Chiasso
SOS Antenna Profughi, Via E. Dunant 2, 6830 Chiasso, Tel. 091 683 08 93

Vallorbe
SAJE Service d'Aide juridique aux Exilés
Place de la Gare, 1337 Vallorbe, Tel. 021 843 21 25

صوبے کے اندر پتوں کے لئے دیکھیں یہ صفحہ :
https://www.fluechtlingshilfe.ch/assets/hilfe/160225-rbsadr-extern-04-04.pdf

5. عمومی اطلاعات

قانونی مشورے ، وکیل، خاتون وکیل
قانونی مشورے کا بندوبست آپ کو خود کرنا ہوگا۔ مددگار تنظیم کے قانونی مشورے کے ادارے RBS آپ اس صفحہ پر جاکر ڈھونڈ سکتے ہیں یا ایک علیحدہ پتوں کی فہرست سے۔
https://www.fluechtlingshilfe.ch/assets/hilfe/160225-rbsadr-extern-04-04.pdf

خاندان کا بعد میں آنا، خاندان کو اکھٹے رکھنا
سیاسی پناہ کے درخواست دہندگان کو اپنے ملک سے اپنے خاندان کے افراد کو بلانے کا حق حاصل نہیں ہے –

سماجی مدد، ضرورت زندگی کے لئے امداد
ضرورت مند سیاسی پناہ گزین سیاسی پناہ کے کیس کے دوران سماجی امداد حاصل کریں گے۔

سوئیزرلینڈ کے آئین کے مطابق (آرٹیکل 12) ہر انسان جو کہ سوئیزرلینڈ میں مقیم ہے مشکل حالات میں مدد اور دیکھ بھال کا مستحق ہے۔ آپ کے کیس کے ختم ہوجانے کے باوجود، سوئیزرلینڈ کو چھوڑنے تک ضرورت زندگی کے لئے مدد حاصل کرنا آپ کا حق ہے، چہ جائیکے آپ سوئیزرلینڈ میں غیر قانونی طور پر مقیم ہوں۔ اس مدد میں شمار ہے: کھانا، رہنے کی جگہ، پہنے کے لئے کپڑے اور ضرورت پڑنے پر طبی امداد۔ ان امداد کو حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ محکموں سے رابطہ کریں، جوکہ آپ کو واپس بھیجنے کا بھی مجاز ہے اور اسی لیے ایسے میں گرفتار کرلیے جانے کے امکانات بھی ہیں۔ مزید معلومات کے لئے دیکھیئے اس صفحہ کو:
www.fluechtlingshilfe.ch/asylrecht/das-asylverfahren/nothilfe

کام
سوئیزرلینڈ کے محکمے کی طرف سے سیاسی پناہ کے درخواست گزاروں کو پہلے تین سے چھ مہینےتک کام کرنے کی پابندی ہے۔ اس کے بعد کام کرنے کے لئے اجازت لینی ہوگی، صرف چند ہی محکمے ہیں جو کہ کام دیتے ہیں ورنہ مقامی لوگوں کو پہلے ترجیح دی جاتی ہے۔

رہائش
آپ اپنے تمام تر پتے کی تبدیلی سے محکموں کو فوری طور پر اطلاع دیں گے۔ عام طور پر سیاسی پناہ گزین کے لئے ایک صوبے سے دوسرے صوبے میں تبدیلی ممکن نہیں ہے۔

گرفتاری، جیل
آپ کو گرفتار کرکے جیل میں ڈالا جاسکتا ہے، اگر:

- ← جب آپ کا کیس کسی معقول وجوہ نہ ہونے کی صورت میں خارج کردیا جائے۔
- ← آپ محکموں سے تعاون کرنے سے انکار کریں گے۔
- ← آپ کے سیاسی پناہ کی تلاش کو " اس کا غلط استعمال" سمجھا جائے ۔
- ← آپ نے کوئ جرم کیا ہو۔
- ← یہ پکی اطلاع ملے، کہ آپ اپنے ملک میں دوبارہ سے اپنی زندگی شروع کرسکتے ہیں۔

دوسرے ملکوں کا سفر
سیاسی پناہ کے کیس کے دوران آپ کو سوئیزرلینڈ چھوڑ کر جانے کی اجازت نہیں ہے اور نہ ہی اس بات کی اجازت ہے کہ آپ اپنے ملک کے سفارت خانے یا کسی دوسرے محکمے سے رابطہ کریں۔